SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ 2004

SINDH ORDINANCE NO.VII OF 2004

سندھ کے ثانوی اوراعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈز (ترمیم) آرڈیننس، 2004

THE SINDH BOARDS OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 2004

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

1. مختصر عنوان اور شروعات

Short Title and commencement

2. 1972 کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ 2 کی ترمیم

Amendment of section 2of Sindh Ordinance VI of 1972

3. 1972 کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ 3 کی ترمیم

Amendment of section 3 of Sindh Ordinance VI of 1972

4. 1972 کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ 4 کی ترمیم

Amendment of section 4 of Sindh Ordinance VI of 1972

5. 1972 کے سندھ آرڈیننس VI کے شیڈول کے تبدیلی

Amendment of Schedule to Sindh Ordinance VI of 1972

سندھ آرڈیننس نمبر VII مجریہ 2004

SINDH ORDINANCE NO.VII OF 2004

سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈز (ترمیم) آرڈیننس، 2004

THE SINDH BOARDS OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 2004

[7 دسمبر، 2004]

سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈس آرڈیننس، 1972 میں ترمیم کا آرڈیننس

تمہید (Preamble)

جیسا کہ سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈس آرڈیننس، 1972 میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی:

جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی اقدام اٹھانا ضروری ہوگیا ہے۔

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 128 کی شق (ا) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈز (ترمیم) آرڈیننس، 2004 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

سندھ کے 1972 آرڈیننس VI کی دفعہ 2 کی ترمیم
Amendment of section 2of Sindh Ordinance VI of 1972

2. سندھ کے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈس آرڈیننس، 1972 میں، جس کو بعد میں بھی مذکورہ آرڈیننس ہی کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۲ میں، شق (u) میں لفظ ''بورڈز ایٹ حیدرآباد'' کے لیئے، لفظ ''بورڈز ایٹ حیدرآباد اور میرپورخاص'' ہونگے:

سندھ کے 1972 آرڈیننس VI کی دفعہ 3 کی ترمیم
Amendment of section 3 of Sindh Ordinance VI

3. مندرجہ ذیل آرڈیننس، کی دفعہ 3 کی ذیلی دفعہ (1) میں:

(i) شق (c) میں، آخر میں آنے والے لفظ ''اور'' کو ختم کیا جائے گا۔

(ii) شق (d) کے آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ ''؛اور'' سے متبادل بنایا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل کو شامل کیا جائیگا:-

(iii) شق (b) کے بعد مندرجہ ذیل شق (c) شامل کی جائے گی:

of 1972

"(c) میرپورخاص میں، ایک بورڈ ہوگا، جسے ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، میرپورخاص کہا جائے گا۔"

1972 کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ 4 کی ترمیم
Amendment of section 4 of Sindh Ordinance VI of 1972

4. مندرجہ ذیل آرڈیننس کی دفعہ 4 کی ذیلی دفعہ (1) کی شق (iii) میں:

(i) ذیلی شق (d) میں، آخر موجود لفظ ''اور'' کو ختم کیا جائے گا۔

(ii) ذیلی شق (c) کے آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ ''؛اور'' سے متبادل بنایا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ کا اضافہ کیا جائیگا:

"(f) ثانوی اور اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ میرپورخاص، ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن۔"

1972 کے سندھ آرڈیننس VI کے شیڈول کے تبدیلی
Amendment of Schedule to Sindh Ordinance VI of 1972

5. مندرجہ ذیل آرڈیننس کے شیڈول میں، لفظ ''حیدرآباد'' جہاں بھی آئے ان الفاظ کو ''حیدرآباد یا میرپورخاص'' سے متبادل بنایا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔